PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA

Phone No. 091-9210489-(Ext:) 1267
Fax No. 091-9210258

LIST OF ADMITTED CALL ATTENTION NOTICES

Session 20th

Notice No. 2175

Received Dated 15 / 11 /2021

Admitted Dated 19 / 11 /2021

Department **Relief Rehabilitation and Settlement**

توجہ دلاونوٹس نمبر 2175

منجانب: اختیار ولی، رُکن صوبائی اسمبلی

میں وزیر برائے محکمہ امداد، بحالی وآ باد کاری کی توجہ ایک اہم مسئلے کی جانب مبذول کرانا چاہتا ہوں وہ یہ کہ سابقہ فاٹا جو کہ دہشت گردی کا شکار رہا اور اس میں قبائلی عوام کے گھر، دوکانیں اور مارکیٹیں تباہ ہو چکی ہیں آپریشن کے بعد قبائلی اضلاع کے بعض علاقوں کو ریلیف کی رقم مہیاء کی گئی لیکن درہ آدم خیل کے علاقے قوم طور چھپر جو کہ دہشت گردی کا سب سے زیادہ شکار ہوئی اور ابھی تک یہ لوگ ملک کے مختلف علاقوں میں آئی ڈی پیز کی زندگی گزارنے پر مجبور ہیں لیکن بد قسمتی سے نہ تو ان کو ابھی تک اپنے مسمار گھروں کا معاضہ ملا اور نہ کوئی ریلیف چیکس مہیا کئے گئے۔ حکومت درہ آدم خیل قوم طور چھپر کے متاثرین کو ہنگامی بنیادوں پر معاوضہ دیا جائے اور یلیف چکیس بھی جلد از جلد ریلیز کئے جائے تاکہ وہ دوبارہ اپنی سرزمین پر آباد ہو کر خوشحال زندگی گزار سکیں۔